## ہمیں ملکی معیشت کی فکر ہے، کراچی سمیت ملک کی تمام اسٹاک مارکیٹوں کو دیوالیہ ہونے سے بچانا چاہتے ہیں۔الطاف حسین

## کاروباری طبقہ کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں تا کہ ملک میں معاشی استحکام آئے اور سرمائے کی ملک سے باہر منتقلی کا سلسلہ رک سکے۔کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ارکان کے ہنگامی اجلاس سے ٹیلیفون پر خطاب

کراچی۔۔۔۔26اکتوبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ہمیں ملکی معیشت کی فکر ہے اور ہم کراچی سمیت ملک کی تمام اسٹاک مارکیٹوں کو دیوالیہ ہونے سے بچانا چاہتے ہیں تا کہ ملک معاشی بحران سے نکل سکے اور ملکی معیشت کا پہیہ چلتا رہے۔انہوں نے یہ بات ہفتہ کی شب ممتاز بزنس مین عقیل کریم ڈیڈھی کی رہائش گاہ پر کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ارکان کے ایک ہنگامی اجلاس سے ٹیلیفون پر خطاب کرتے ہوئے کہی۔ یہ اجلاس اسٹاک ایکسچینج کے ذمہ داران کی خصوصی درخواست پر رکھا گیا تھا جس میں کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ارکان کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ہنگامی اجلاس میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے قائم کردہ سات رکنی خصوصی کمیٹی کے ارکان نے بھی شرکت کی اور کراچی اسٹاک ایکسچینج کے بحران کے حل کیلئے سینئر اسٹاک بروکرز سے قابل عمل تجاویز پر تبادلہ خیال کیا۔اجلاس سے اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ہر مسئلہ پر نہ صرف آواز حق بلند کرتی ہے بلکہ حکومت کی ایک حلیف جماعت کی حیثیت سے حکومت کو عوام کی پریشانیوں اور مسائل سے آگاہ کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ دنوں جب مجھے معلوم ہوا کہ بجلی کے نرخوں میں کئی گنا اضافہ کی وجہ عام شہریوں کے ساتھ ساتھ دکانداروں، تاجروں اور صنعتکاروں کو بہت پریشانی کا سامنا ہے تو میں نے کوئی وقت ضائع کئے بغیر صدر آصف علی زرداری سے بات کی اور ان سے گزارش کی کہ وہ صنعتکاروں اور تاجروں سے ملاقات کر کے ان کی گزارشات کو سن لیں اور ان کی شکایات کا ازالہ کریں۔صدر آصف زرداری کی مہربانی ہے کہ انہوں نے میری درخواست کو قبول کرتے ہوئے وزیراعظم سے بات کی اور وفاقی وزیر پانی و بجلی راجہ پرویز اشرف اور اپنے نمائندہ خصوصی کو صنعتکاروں سے ملاقات کیلئے فوری طور پر کراچی بھیجا اور پھر صنعتکاروں سے صدر مملکت نے خود بھی ملاقات کی۔صدر مملکت اور وفاقی وزیر نے بجلی کے نرخوں میں اضافہ کے معاملے کو حل کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج جب کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ارکان نے مجھے اسٹاک مارکیٹ کے سنگین ہوتے ہوئے بحران سے آگاہ کیا اور بتایا کہ 27 تاریخ کو کچھ اعلانات ہونے والے ہیں جسکے باعث چھوٹے بڑے تاجر اور اسٹاک بروکر بہت پریشانی کا شکار ہیں تو میں نے تمام مصروفیات ترک کر کے کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ارکان عقیل کریم ڈیڈھی، احمد چنائے اور دیگر ارکان سے بات کی اور فوری طور پر وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک کے ذریعے صدر آصف علی زرداری تک اسٹاک ایکسچینج کے بحران کو حل کرنے کیلئے فوری مداخلت کرنے کا پیغام پہنچایا اور وزیراعظم کے مشیر برائے خزانہ شوکت ترین سے بھی اس سلسلے میں گفتگو کی اور ان سے درخواست کی کہ وہ کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ارکان سے ملاقات کر کے انکی گزارشات کو سن لیں اور اسٹاک بروکرز کی شکایات کا ازالہ کریں۔جس پر مشیر خزانہ شوکت ترین نے اسٹاک ایکسچینج کے ارکان سے ملاقات کی یقین دہانی کرائی۔انہوں نے کہا کہ مجھے وطن سے دور بیٹھ کر بھی وطن اور وطن کی معیشت اور پاکستان کے عوام کی فکر ہے اور میں یہاں بیٹھ کر بھی رات دن اس سلسلے میں کوششیں کر رہا ہوں۔انہوں نے کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ارکان سے کہا کہ الطاف بھائی کوئی غیر نہیں بلکہ آپ کے اپنے ہیں اور آپ کے مسائل کو اپنا مسئلہ سمجھتے ہیں، ملک کا مسئلہ سمجھتے ہیں، ہم کاروباری طبقہ کے مسائل کو بھی اپنا مسئلہ سمجھتے ہیں اور انکے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں تا کہ ملک میں معاشی استحکام آئے اور سرمائے کی ملک سے باہر منتقلی کا سلسلہ رک سکے اور کاروباری طبقہ ملک کی معاشی ترقی میں اپنا اہم کردار ادا کر سکے۔انہوں نے اسٹاک بروکرز سے کہا کہ میں نے کراچی اسٹاک ایکسچینج کے بحران کے حل کیلئے کوششیں کر کے آپ لوگوں پر کوئی احسان نہیں کیا بلکہ اسے اپنا فرض سمجھ کر کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ مجھے صرف کراچی اسٹاک ایکسچینج اور کراچی کی معاشی صورتحال کی ہی فکر نہیں بلکہ ہم ملک کی تمام اسٹاک مارکیٹوں کو دیوالیہ ہونے سے بچانا چاہتے ہیں تا کہ ملک معاشی بحران سے نکل سکے اور ملکی معیشت کا پہیہ چلتا رہے۔ جناب الطاف حسین نے کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ارکان سے کہا کہ آپ حکومت کو اپنے مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے حکومت کو درپیش مسائل کو بھی مدنظر رکھیں اور ایسا حل تلاش کریں کہ تمام مسائل بخیر و خوبی حل ہو جائیں۔انہوں نے اسٹاک بروکرز کو یقین دلایا کہ ایم کیوایم آپکے ساتھ تھی، ساتھ ہے اور انشاءاللہ ہر کڑے وقت میں آپکے ساتھ رہے گی۔ جناب الطاف حسین نے اسٹاک ایکسچینج کے بحران کے حل کیلئے قائم کردہ ایم کیوایم کی سات رکنی کمیٹی کے ارکان کو بھی خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے قائد تحریک الطاف حسین کی کوششوں سے اب کراچی اسٹاک ایکسچینج کا بحران ضرور حل ہو جائے گا۔اسٹاک ایکسچینج کے ممتاز ارکان عقیل کریم ڈیڈھی، حاجی عثمان غنی، یاسین لاکھانی اور احمد چنائے کا جناب الطاف حسین سے اظہار تشکر اس موقع پر کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ممتاز ارکان عقیل کریم ڈیڈھی، حاجی عثمان غنی، یاسین لاکھانی اور احمد چنائے نے اجلاس سے اپنے خطاب میں کراچی اسٹاک ایکسچینج کو تباہی

سے بچانے کے سلسلے میں فوری مداخلت کرنے اوراعلیٰ حکومتی شخصیات تک اسٹاک اسٹاک ایکسچینج کے ارکان کی گزارشات پہنچانے پر جناب الطاف حسین کا دلی شکریہ ادا کیا اوراس یقین کا اظہار کیا کہ جناب الطاف حسین کی کوششوں سے اب کراچی اسٹاک ایکسچینج کا بحران ضرورحل ہوجائے گا۔ اجلاس سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹر فاروق ستار، سینیٹر بابرغوری اورسینیٹراحمدعلی بھی خطاب کیا اورملک کی معاشی صورتحال پر روشنی ڈالی۔

## ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کی نجکاری کا فیصلہ منسوخ کیا جائے،متحدہ قومی موومنٹ
## ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کی نجکاری ادارے کے ملازمین اورعوام کے مفاد کے خلاف ہے۔حق پرست اراکین اسمبلی
## ایچ بی ایف سی کے ملازمین کے نمائندہ وفد کی حیدرعباس رضوی سے ملاقات

کراچی ۔۔۔26/اکتوبر 2008ء۔۔۔ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کے ملازمین کے ایک وفد نے ایم کیوایم مرکزنائن زیروپرقومی اسمبلی میں ایم کیوایم پارلیمانی لیڈرحیدرعباس رضوی سے ملاقات کی اورانہیں بیوروکریسی کی جانب سے ادارے کی نجکاری کے فیصلے اوراس سے ادارے کے ملازمین میں پائی جانے والی بے چینی سے آگاہ کیا۔وفدنے بتایا کہ ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن ایک رفاعی،قومی اوربنیادی سہولیات فراہم کرنیوالاادارہ ہے جس کی نجکاری کا فیصلہ کرلیا گیا ہے جسکی وجہ سے ادارے کے ملازمین میں شدیدتشویش اوربے چینی پائی جاتی ہے اورادارے سے رفاعی سہولت حاصل کرنے والے عوام بھی متاثرہوں گے۔وفدنے حیدرعباس رضوی سے کہا کہ ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کے ملازمین کومتحدہ قومی موومنٹ سے ہی امید ہے کہ وہ اس مسئلے کے حل کیلئے کچھ کرسکتی ہے۔اس موقع پرحیدرعباس رضوی نے وفدکے ارکان ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا اورکہا کہ متحدہ قومی موومنٹ محنت کشوں کی نمائندہ جماعت ہے جوملازمین کی منشاء کے برخلاف نجکاری کے عمل کے مخالف ہے اوروہ اس معاملے پر ہرفورم پرآوازبلندکرےگی۔دریں اثناءمتحدہ قومی موومنٹ کے اراکین قومی اسمبلی نے صدرآصف علی زرداری اوروزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کی نجکاری کا فیصلہ واپس لیا جائے اورادارے کے دیرینہ مسائل کوحل کرنے کیلئے فوری طورپرمنیجنگ ڈائریکٹر کا تقرریقینی بنایا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں اراکین اسمبلی نے کہا کہ ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کوایک رفاعی،قومی اوربنیادی سہولیات فراہم کرنیوالاادارہ ہے جسکی نجکاری ادارے کے ملازمین اورعوام کے مفادکے خلاف ہے۔حق پرست اراکین اسمبلی نے صدآصف زرداری اوروزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے پرزورمطالبہ کیا کہ ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کی نجکاری کے فیصلے کومنسوخ کیا جائے اورادارے کی استعدادکارکوبڑھانے کیلئے اورادارے کے ملازمین کے دیرینہ مسائل کے فوری حل کیلئے نئے منیجنگ ڈائریکٹر کے تقررکویقینی بنایا جائے۔

## صوبائی وزیرسیدسرداراحمداورایم کیوایم کے رکن سندھ اسمبلی رشید گوڈیل کی گورنرسندھ سے ملاقات
## اسلامیہ کالج کے طلبہ کوبے دخل کئے جانے کے معاملے میں مداخلت کی اپیل
## مسئلے کے حل کیلئے ہرممکن اقدام کیا جائے گا۔گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد
## حکومت کی پوری مشینری اس مسئلے کے حل کیلئے حرکت میں آگئی ہے۔صوبائی وزیرپیرمظہرالحق

کراچی۔۔۔26/اکتوبر 2008ء۔۔۔سندھ اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈروصوبائی وزیرسیدسرداراحمداورحق پرست رکن قومی اسمبلی رشید گوڈیل نے اسلامیہ کالج کے مسئلے پرگورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد سے گورنرہاؤس میں ملاقات کی اوران سے درخواست کی طلباءکواسلامیہ کالج کی عمارت سے بے دخل کرنے کے معاملے میں اپنااثرو رسوخ استعمال کریں۔اس موقع پرگورنرسندھ نے ایم کیوایم کے نمائندوں کواپنی جانب سے ہرممکن تعاون کا یقین دلاتے ہوئے صوبائی وزیرتعلیم پیرمظہرالحق سے فون پررابطہ کیا۔پیرمظہرالحق نے بھی یقین دہانی کرائی کہ حکومت کی پوری مشینری اس مسئلے کے حل کیلئے حرکت میں آگئی ہے اورعدالتی فیصلے کیخلاف سندھ ہائیکورٹ میں اپیل کی جاچکی ہے۔گورنرسندھ نے وفدکویقین دلایا کہ اس مسئلے کے حل کیلئے ہرممکن اقدام کیا جائے گا۔وفدنے گورنرسندھ کواپنی اوراپنی جماعت متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے تشویش سے آگاہ کیا کہ اسلامیہ کالج کے مستقبل کیخلاف ایک سازش ہے اوراس اقدام کوفوری روکا جائے۔

## لیبر ڈویژن ایجوکیشن یونٹ کے کارکن کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی اور لیبر ڈویژن کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔26/اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن ایجوکیشن یونٹ کے کارکن سلیم خان کے والد حافظ شمیم احمد خان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے ذمہ داران نے بھی ایجوکیشن یونٹ کے کارکن سلیم خان کے والد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے دعا کی ہے۔

## آزاد کشمیر میں افغان باشندوں کی آبادکاری کا نوٹس لیا جائے، ایم کیوایم آزاد کشمیر

مظفرآباد۔۔۔ 26/ اکتوبر 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے آرگنائزر ملک تنویر نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں غیر رہاشی افغان باشندوں کی آمد میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے حکومت اور انتظامیہ کی جانب سے عدم توجہی کا مظاہرہ کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے ایکٹ کے مطابق کوئی بھی غیر رہائشی کشمیر میں پراپرٹی نہیں خرید سکتا اور نہ کوئی غیر ملکی یہاں قیام کرسکتا ہے اسکے باوجود افغان باشندوں کی جانب سے یہاں پراپرٹی خریدنا آزاد کشمیر کے مستقل رہائشی عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے جسکے باعث یہاں کے عوام میں شدید بے چینی اور تشویش پائی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران افغانوں کی ایک بڑی تعداد غیر قانونی طور پر مظفر آباد، باغ اور میر پور سمیت دیگر اضلاع میں آباد ہوچکی ہے اور بناء روک ٹوک مشکوک کاروباری سرگرمیوں میں مصروف ہے۔ایم کیوایم کے رہنما نے حکومت آزاد کشمیر چیف سیکریٹری اور انسپکٹر جنرل پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ آزاد کشمیر کے شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے اور قانون ساز اسمبلی نیو سیکریٹریٹ ،ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر سمیت آزاد کشمیر کے تمام اہم مقامات،شاہراہوں،بازاروں اور مذہبی مقامات پر سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کیئے جائیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین کی مشیر خزانہ شوکت ترین سے ٹیلیفون پر گفتگو

## کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ارکان سے ملاقات کرنے اور اسٹاک ایکسچینج کے بحران کو حل کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا

لندن ۔۔۔26 اکتوبر 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب لطاف حسین نے اتوار کی شب وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی کے مشیر خزانہ شوکت ترین سے ٹیلیفون پر گفتگو کی اور ان کی درخواست پر کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ارکان سے ملاقات کرنے اور اسٹاک ایکسچینج کے بحران کو حل کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔شوکت ترین سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ آپ نے میری گزارش پر اسٹاک ایکسچینج کے ارکان سے ملاقات کرکے اور انکی شکایات کا ازالہ کرکے اسٹاک ایکسچینج کے ہزاروں افراد کو ذہنی اذیت سے نکالا جس پر میں اپنی اور پوری پارٹی کی جانب سے آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم سب کو ملکر اسی طرح کام کرنا ہے تاکہ ملک معاشی طور پر مستحکم ہو اور تمام مالیاتی ادارے بشمول اسٹاک ایکسچینج بحران سے نکلیں تاکہ سرمایہ کار بلاخوف وخطر سرمایہ کاری کریں اوراس طرح بیرونی سرمایہ کار بھی ملک میں سرمایہ کاری کی طرف راغب ہوں۔شوکت ترین نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ وہ اسٹاک ایکسچینج اور مالیاتی اداروں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے کوششیں جاری رکھیں گے۔جناب الطاف حسین نے شوکت ترین کی کوششوں کی کامیابی کیلئے دعا کی۔

## سعید وارثی مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں قرآن خوانی کی گئی

لندن ۔۔۔26 اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب لطاف حسین کے ماموں زاد بھائی اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ مسرت بانو وارثی کے شوہر سعید وارثی مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے گزشتہ روز ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں قرآن خوانی کی گئی۔جس میں ایم کیوایم کے اراکین رابطہ کمیٹی، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان،صوبائی وزیر رضا ہارون،حق پرست ٹاؤن ناظمین واسع جلیل،اظہار احمد،ایم کیوایم یوکے کے ذمہ داران، کارکنان،ایم کیوایم یوکے شعبہ خواتین کی ارکان اور کارکنوں کے اہل خانہ نے شرکت کی ۔ بعدازاں سعید وارثی مرحوم کے ایصال ثواب اور شہیدوں کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحتیابی،درازی عمر اور تحریک کی کامیابی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔